**ایم کیوایم ہر قسم کے تعصب اور امتیاز کے خلاف ہے اور ہر طرح کی مذہبی و فرقہ وارانہ عصبیت سے پاک ہے۔الطاف حسین**

**ایم کیوایم اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ جو بھی پاکستان کا شہری ہے اسے زندگی کے ہر شعبہ میں مساوی حقوق دیئے جانے چاہئیں**

**ملک پر جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور سرمایہ داروں کی مافیا کا قبضہ ہے، جو میوزیکل چیئر گیم کی طرح اقتدار پر براجمان ہوتا رہا ہے**

**ایم کیوایم نے ملک کے کرپٹ پولیٹیکل کلچر میں برسوں سے جاری اس موروثی سیاست کے طلسم کو توڑا ہے**

**آئندہ انتخابات میں کراچی سے گلگت بلتستان کے لوگوں کو نمائندگی دینگے اور انہیں شہری اور صوبائی محکموں میں ملازمتیں بھی دلوائی جائیں گی**

**ایم کیوایم کے ارکان پارلیمنٹ گلگت بلتستان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کو ایوانوں میں اٹھائیں**

**گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو کسی بھی شکل میں دھاندلی کا شک نہ ہو**

**گلگت بلتستان کے عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں**

**اسکردو پریس کلب کی دعوت پر میٹ دی پریس سے ٹیلیفونک خطاب، اسکردو پریس کلب کیلئے ایک لاکھ روپے کے عطیہ کا اعلان**

اسکردو۔۔۔8 نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک سچی جمہوری جماعت ہے جو ایم کیوایم ہر قسم کے تعصب اور امتیاز کے خلاف ہے اور ہر طرح کی مذہبی وفرقہ وارانہ عصبیت سے پاک ہے، ایم کیوایم اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ جو بھی پاکستان کا شہری ہے اس کا پاکستان پر برابر کا حق ہے اور اسے زندگی کے ہر شعبہ میں مساوی حقوق دیئے جانے چاہئیں اور اس کے ساتھ برابری کا سلوک کیا جانا چاہیے خواہ وہ کسی بھی مذہب، فقہ، مسلک یا عقیدے سے تعلق رکھتا ہو۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار آج اسکردو پریس کلب کی دعوت پر میٹ دی پریس سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد قائداعظم محمد علی جناح کی زندگی نے وفا نہ کی ۔قائداعظم کے انتقال کے بعد انکے دستِ راست خان لیاقت علی خان کوراولپنڈی میں جلسہ عام میں شہید کردیا گیا۔ اسکے بعد ملک پر بڑے بڑے جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں نے قبضہ کرلیا، پھر اس مراعات یافتہ طبقہ نے مافیا کی شکل اختیار کرلی، یہ مراعات یافتہ طبقہ میوزیکل چیئر گیم کی طرح ملک کے اقتدار پر براجمان ہوتا رہا ہے، مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں نے مخصوص خاندانوں کی جماعتوں کی شکل اختیار کرلی ہے، ہر جمہوری یا فوجی حکومت کے دور میں انہی مخصوص خاندانوں کے لوگ بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر شریک ہوتے رہے ہیں جبکہ ان جماعتوں کے کارکنوں کو سیاسی عہدوں یا ایوانوں میں نمائندگی نہیں دی جاتی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کے کرپٹ پولیٹیکل کلچر میں برسوں سے جاری اس موروثی سیاست کے طلسم کو توڑا ہے، الطاف حسین واحد لیڈر ہے جس نے نہ تو خود الیکشن میں حصہ لیا اور نہ ہی اسکے خاندان کا کوئی فرد اسمبلی کا ممبر بنا بلکہ الطاف حسین نے میرٹ کی بنیاد پر غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے اپنے باصلاحیت اور پڑھے لکھے کارکنوں کو ایوانوں میں منتخب کر کے بھیجا۔الطاف حسین کے بھائی اور بھتیجے تحریک کی جدوجہد میں شہید ہونے والوں میں ضرور شامل ہیں لیکن ایوانوں کے رکن بننے والوں میں شامل نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد ملک اور عوام کی خدمت کرنا ہے اور اگر گلگت بلتستان سمیت پورے ملک کے عوام نے ایم کیوایم کو منتخب کیا تو کراچی کی طرح پورے ملک میں ترقی ہوگی اور عوام کے مسائل حل ہونگے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ہر قسم کے تعصب اور امتیاز کے خلاف ہے اور فرقہ واریت اور مذہبی عصبیت سے پاک ہے ، وہ پاکستان کے تمام شہریوں کو برابر کا شہری سمجھتی ہے اور انہیں مساوی حقوق دینے پر یقین رکھتی ہے۔ جہاں جہاں ایم کیوایم کا اثر رسوخ بڑھا وہاں مذہبی منافرت اور فرقہ واریت کا اثر ختم ہوا۔ایم کیوایم میں نہ تو دولت کی بنیاد پر ٹکٹ تقسیم کئے جاتے ہیں اور نہ ہی مذہب یا فقہ کی بنیاد پر ٹکٹ تقسیم کئے جاتے ہیں بلکہ کارکنوں کا انتخاب انکی صلاحیت، محنت ولگن اور کردار کا جائزہ لیکر میرٹ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں جہاں کارکنوں نے قربانیاں دیں وہیں الطاف حسین نے بھی گرفتاریاں، ٹارچر سیلوں کی اذیتیں اور جیلوں کی زندگی گزاری، مجھ پر کئی قاتلانہ حملے ہوئے لیکن جب مجھ پر ہینڈ گرینیڈ سے حملہ ہوا تو تحریک کے رہنماؤں اور کارکنوں نے مجھ سے درخواست کی کہ آپ ملک سے باہر چلے جائیں اور وہاں سے ہماری رہنمائی کریں۔لندن آکر بھی 18 سالہ جلاوطنی کے دوران میرا اپنے کارکنوں اور عوام سے رابطہ ختم نہ ہوا اور میں نے لندن سے نہ صرف تحریک کو زندہ رکھا بلکہ اسے کامیابی سے آگے بڑھایا۔تحریکی جدوجہد کے دوران ایم کیوایم کے کارکنان شہید ہوئے تو الطاف حسین کے بھائی اور بھتیجے کو بھی گرفتار کر کے تین روز تک تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد بیدردی سے شہید کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم کا نظریہ گلگت بلتستان کی وادیوں میں بھی پہنچ چکا ہے۔انشاءاللہ ایک دن ایم کیوایم

گلگت بلتستان کی سب سے بڑی جماعت ثابت ہوگی، یہاں بھی فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم ہوگی اورعوام کے درمیان اتحادو بھائی چارہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہماراشروع دن سے یہی پیغام ہے کہ'' اپنا نظریہ چھوڑو نہیں اوردوسروں کے عقیدے کو چھیڑو نہیں''۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ گلگت بلتستان نے 1947ء میں پاکستان کے ساتھ الحاق کیا لیکن انہیں انکے بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا اورانہیں برابر کا پاکستانی نہیں سمجھا گیا،آج تک قومی اسمبلی اورسینیٹ میں گلگت بلتستان کی نمائندگی نہیں ہے۔اگر ماضی کی حکومتیں گلگت بلتستان کے مسائل پر توجہ دیتیں تو یہاں کے عوام کودوسرے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑتا۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان کے عوام کے ساتھ ناانصافیاں ختم کی جائیں ،سیاحت کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جائیں، یہاں اسپتال، کالج قائم کئے جائیں،گلگت بلتستان کے تمام اضلاع میں پریس کلب قائم کئے جائیں اورصحافیوں کیلئے ویج بورڈ ایوارڈ نافذ کیا جائے،بجلی کی قلت دور کرنے کیلئے چھوٹے چھوٹے ڈیم بنائے جائیں،گلگت بلتستان کی وادیوں سے معدنیات کے ذخائر نکالے جائیں اورانکی آمدنی گلگت بلتستان پرخرچ کی جائے، یہاں بلدیاتی اداروں کوخودمختار بنایا جائے اورانہیں فنڈز فراہم کئے جائیں،اسکردوایئرپورٹ کوانٹرنیشنل ایئرپورٹ کادرجہ دیا جائے، یہاں کے مسائل پرخصوصی توجہ دی جائے اورانہیں حل کیا جائے۔انہوں نے اعلان کیا کہ جب ملک میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوگی تو گلگت بلتستان کے ساتھ نہ صرف برابری کا سلوک کیا جائے گا بلکہ یہاں کے تمام مسائل کوحل کیا جائے گا،سینیٹ اورقومی اسمبلی میں گلگت بلتستان کونمائندگی دلوائیں گے،سرکاری محکموں میں گلگت بلتستان کے لوگوں کا کوٹہ مقرر کیا جائے گا،ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے گا،ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں گلگت بلتستان کے طلبہ کا کوٹہ مقرر کروائیں گے۔انہوں نے ایم کیوایم کے ارکان پارلیمنٹ کوہدایت کی کہ وہ گلگت بلتستان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کوایوانوں میں اٹھائیں اورگلگت بلتستان کے حقوق کے آئینی تحفظ کیلئے پارلیمنٹ قانون سازی کریں۔ایک سوال کے جواب میں جناب الطاف حسین نے اعلان کیا کہ ایم کیوایم کی جانب سے کراچی میں آباد گلگت بلتستان کے لوگوں کوآئندہ انتخابات میں نمائندگی دی جائے گی اورانہیں شہری اورصوبائی محکموں میں ملازمتیں بھی دلوائی جائیں گی۔انہوں نے گلگت بلتستان کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے انتخابات میں ایم کیوایم کے امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔انہوں نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات کے شفاف انعقاد کویقینی بنایا جائے تاکہ عوام کوکسی بھی شکل میں دھاندلی کا شک نہ ہو۔ جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ارکان اورحق پرست منتخب نمائندگان کو ہدایت کی کہ وہ گلگت بلتستان کے وفد کی گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد سے ملاقات کرائیں تاکہ وہ کراچی کے تعلیمی اداروں میں گلگت بلتستان کے طلباء کی نشستوں میں اضافہ اورکراچی کے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں داخلہ کیلئے کراچی سے میٹرک کی شرط کے حوالہ سے اپنے مسائل بیان کرسکیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے حق پرست منتخب نمائندگان کو ہدایت کی کہ وہ سینیٹ اورقومی اسمبلی میں کارگل سے اسکردو اورلداخ کا راستہ کھولنے کیلئے آواز اٹھائیں تاکہ گلگت بلتستان کے عوام اپنے رشتہ داروں سے ملاقات کرسکیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم احتسابی عمل پریقین رکھتی ہے اورمنتخب نمائندگان میں سے جس نے بھی عوام کے مسائل کے حل میں غفلت کا مظاہرہ کیا اسکے خلاف فوری کارروائی کی گئی اورعوام کی خدمت میں غفلت برتنے پراسے اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی کردیا گیا۔انہوں نے اسکردو پریس کلب کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے ایک لاکھ روپے کے عطیہ کا بھی اعلان کیا۔

## معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندہ صفت طالبان انسانیت کے کھلے دشمن ہیں،الطاف حسین

## ملک بھر میں عیدالاضحیٰ کے موقع پرمویشی منڈیوں میں سخت حفاظتی اقدامات کئے جائیں

## پشاورکے نواح میں واقع متنی کے علاقے ادیزئی میں مویشیوں کی منڈی میں خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لندن۔۔۔8،نومبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاورکے نواح میں واقع متنی کے علاقے ادیزئی میں مویشیوں کی منڈی میں خودکش بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوردھماکے میں ناظم ادیزئی عبدالمالک سمیت متعدد افراد کے جاں بحق اورزخمی ہونے پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی اورانتہاء پسندی کے خلاف نبردآزما مقامی لشکر کے سربراہ اورناظم ادیزئی عبدالمالک سمیت متعدد افراد کی خودکش حملہ میں شہادت ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی اوردہشت گردی اورانتہاء پسندی کا ایک دن ضرورخاتمہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندہ صفت طالبان انسانیت کے کھلے دشمن ہیں اور بزدل ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی حالیہ لہرسے اندرونی طورپرنمٹنے کیلئے ملک بھرمیں عوام کی جانب سے حفاظتی نظام قائم کیا جائے اورمشکوک عناصرپرکڑی نظررکھی جائے۔ جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ادیزئی میں مویشیوں کی منڈی میں خودکش بم

دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ملک بھر میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر لگائی جانیوالی مویشی منڈیوں کیلئے حفاظتی انتظامات کئے جائیں اور دہشت گردوں کی سرکوبی کر کے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔انہوں نے ادیزئی کے ناظم عبدالمالک سمیت متعدد افراد کے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## امریکہ کی معروف ہارورڈ یونیورسٹی میں سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کا لیکچر

## طلباء کو ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ، منشور اور کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا

## سٹی ناظم کراچی نے مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف جنگ، طالبان کی دہشت گردی، امور داخلہ، امور خارجہ اور دیگر موضوعات پر کئے گئے سوالات کے مدلل جواب دیئے

## یونیورسٹی کے طلباء کو کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں تیار کی گئی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی

## سید مصطفیٰ کمال کل بروز پیر کو کولمبیا یونیورسٹی میں لیکچر دیں گے

نیویارک۔۔۔8،نومبر 2009ء

حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے گزشتہ روز امریکہ کی معروف ہارورڈ یونیورسٹی میں لیکچر دیا اور یونیورسٹی کے طلباء کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔واضح رہے کہ ہارورڈ یونیورسٹی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایم کیوایم کی نمائندگی کیلئے سٹی ناظم کراچی کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا ہے اور اس سے قبل پاکستان کے کسی میئر کو ہارورڈ یونیورسٹی میں لیکچر کے لئے مدعو نہیں کیا گیا ہے۔تفصیلات کے مطابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے ہارورڈ یونیورسٹی کے طلباء کو لیکچر دیا۔اپنے لیکچر میں انہوں نے طلباء کو ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ، منشور اور کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔بعدازاں طلباء کو کراچی میں ترقیاتی منصوبوں کے سلسلے میں تیار کی گئی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔اس موقع پر ڈیڑھ گھنٹہ تک سوال جواب کا سلسلہ جاری رہا جس کے دوران طلباء نے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال سے مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف جنگ، طالبان کی دہشت گردی، امور داخلہ، امور خارجہ اور دیگر موضوعات پر مختلف سوالات کئے جن کے سٹی ناظم کراچی نے مدلل جوابات دیئے۔حق پرست سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کل بروز پیر کو کولمبیا یونیورسٹی کی دعوت پر لیکچر دیں گے۔واضح رہے کہ سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال ان دنوں امریکہ کے دورے پر ہیں جہاں وہ مقامی یونیورسٹیوں میں لیکچر کے علاوہ اہم امریکی شخصیات سے بھی ملاقات کریں گے۔

## پنجاب میں تحریک انصاف کے بورڈ اتارنے کا عمل قطعی غیر آئینی اور غیر جمہوری ہے، رابطہ کمیٹی

## گورنر پنجاب اور وزیراعلیٰ پنجاب تحریک انصاف کے بورڈ اتارنے کا سنجیدگی سے نوٹس لیں

کراچی۔۔۔8،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں تحریک انصاف کے بورڈ اتارنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان کے آئین کے تحت ملک کی تمام سیاسی جماعتوں کو ملک بھر میں سیاسی سرگرمیوں کی آزادی ہے اور کسی بھی سیاسی جماعت کو اس حق سے محروم رکھنے کا عمل قابل مذمت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب میں تحریک انصاف کے بورڈ اتارنے کا عمل قطعی غیر آئینی اور غیر جمہوری ہے اور اس عمل کو کوئی بھی جمہوریت پسند جماعت پسند نہیں کرسکتی۔رابطہ کمیٹی نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ لاہور سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں تحریک انصاف کے بورڈ اتارنے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس غیر جمہوری عمل کے ذمہ دار عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## گلمت گوجال کے مسلم لیگ نواز اور مسلم لیگ قائداعظم کے رہنماؤں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## متحدہ قومی موومنٹ ہی ہمارے مسائل حل کرسکتی ہے،شمولیت اختیار کرنے والے رہنماؤں کے جذبات
## گلگت بلتستان کی نشستوں پر نامزد حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنانے کا عزم

ہنزہ نگر۔۔۔8،نومبر 2009ء

ہنزہ نگر گلمت گوجال کے مسلم لیگ نواز اور مسلم لیگ قائداعظم کے رہنماؤں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سیاست میں اصولی مئوقف اختیار کرنے اور ملک بھر کے 98 فیصد عوام کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اور حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز گلمت گوجال میں GBLA-6 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار کامل جان، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ اور رکن عبدالخالق بلوچ سے ملاقات کے دوران کیا۔ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والوں میں مسلم لیگ نواز گروپ گوجال نمبر۲ کے صدر محمد رزاق، چیئرمین SKIDO خیبر گوجال بابر علی اور مسلم لیگ نواز گروپ کے یوتھ ونگ کے صدر حمایت کریم جبکہ مسلم لیگ ق کے ملا ولی شامل ہیں۔ اس موقع پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے مسلم لیگ نواز اور مسلم لیگ ق کے رہنماؤں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی گلگت بلتستان آمد سے غریب و متوسط طبقے کے عوام کے حوصلے بلند ہوئے ہیں اور ہمیں یقین ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی واحد جماعت ہے جو ہمارے مسائل حل کرسکتی ہے۔ اس موقع پر حق پرست امیدوار کامل جان اور ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان نے مسلم لیگ نواز اور مسلم لیگ ق کے رہنماؤں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد دی۔

## الطاف حسین ملک کو فلاحی ریاست بنانے کا عزم رکھتے ہیں،علامہ اطہر حسین نقوی ،شیخ سجاد کربلائی
## 12 نومبر کے انتخابات میں عوام حق پرست امیدواران کے حق میں ہی اپنا قیمتی ووٹ استعمال کریں
## حلقہ GBLA-4 کے حق پرست امیدوار حاجی حسن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں امام بارگاہ اکبرآباد چھلت میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

چھلت۔۔۔8،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے وفد میں شامل معروف علمائے کرام علامہ اطہر حسین نقوی اور شیخ سجاد کربلائی نے کہا ہے کہ اتحاد بین المسلمین کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کاوشوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا اور جناب الطاف حسین ملک کو فلاحی ریاست بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز گلگت بلتستان قانون ساز اسمبلی حلقہ 4 ہنزہ نگر 2 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار حاجی حسن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں امام بارگاہ اکبرآباد چھلت میں منعقدہ بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے رکن ناصر یامین بھی موجود تھے۔ علامہ اطہر حسین نقوی اور شیخ سجاد کربلائی نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین امن، محبت اور بھائی چارے کے پیغام کو فروغ دے رہے ہیں اور ان کی عملی کوششوں کا ہی نتیجہ ہے کہ کراچی اور سندھ فرقہ وارانہ فسادات پر قابو پالیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور نظریئے کے مطابق مذہبی رواداری کو فروغ دیا جائے گا اور گلگت بلتستان کو فلاحی معاشرے میں تبدیل کردیا جائے گا۔ علامہ اطہر حسین نقوی اور شیخ سجاد کربلائی نے اجتماع کے شرکاء سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں حق پرست امیدواروں کے حق میں ہی اپنا قیمتی ووٹ استعمال کریں اور گلگت بلتستان کی تقدیر کو سنوارنے کیلئے حق پرست قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کریں۔

## ایم کیوایم نے گلگت بلتستان میں غریب متوسط اور پڑھے لکھے افراد کو الیکشن ٹکٹ دیکر نئی صبح کا آغاز کردیا ہے، وسیم اختر
## ضلع غذر میں حق پرست امیدوار شاہجہاں غذری کی انتخابی مہم کے سلسلے میں بڑے عوامی اجتماع سے خطاب

غذر۔۔۔8،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے کہا ہے کہ نچلی سطح تک عوام کو اختیارات کی منتقلی ایم کیوایم کے منشور کا حصہ ہے اور ایم کیوایم نے روایتی طور پر گلگت و بلتستان کے غریب متوسط اور پڑھے لکھے طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو الیکشن کے ٹکٹ دیکر ایک اور نئی صبح کا آغاز کردیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز حلقہ

GBLA-20 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار شاہجہاں غذری کی انتخابی مہم کے سلسلے میں ضلع غذر میں منعقدہ بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صلاح الدین گلگتی بھی موجود تھے۔ وسیم اختر نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ گلگت بلتستان کے حقوق کی ضمانت ہے، ایم کیوایم روایتی سیاسی جماعتوں کی طرح اقتدار کے حصول کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ ایم کیوایم اقتدار میں ہو یا اس کے باہر اس کے نزدیک عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح رہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی جماعتوں کے لوگ الیکشن میں عوام سے ووٹ لینے کیلئے آتے ہیں اور انتخابات جیت جانے کے بعد مڑ کر بھی نہیں دیکھتے جبکہ حق پرست امیدواران عوام سے اپنا تعلق ختم نہیں کرتے کیونکہ وہ غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کے مسائل کو حل کرنے میں ذاتی دلچسپی اور کوششیں بھی سرانجام دیتے ہیں ۔ وسیم اختر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کے انتخابات میں پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کریں اور حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔

## الطاف حسین کی اصولی سیاست کے باعث گلگت بلتستان بھی ترقی وخوشحالی سے ہمکنار ہوگا، علامہ علی کرار نقوی، علامہ اطہر مشہدی
## حلقہ GBLA-8 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار نثار خان بلتی کے الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب
## سدپارہ ڈیم کے متاثرین سے ملاقات، مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے تعاون کی یقین دہانی

اسکردو۔۔۔8، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے وفد میں شامل علمائے کرام علامہ علی کرار نقوی اور علامہ اطہر مشہدی نے گزشتہ روز GBLA-8 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار نثار خان بلتی کے الیکشن آفس کا افتتاح کیا اور سدپارہ ڈیم کے متاثرین سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر موجود تھے۔علامہ علی کرار نقوی اور اطہر مشہدی نے الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کی سیاست میں مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں اور ان کی دوراندیشی اور مدبرانہ فیصلے آنے والے وقت میں ملک پر انتہائی اچھے اثرات مرتب کریں گے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی تحریک کے سچے سپاہی آج گلگت بلتستان میں حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو فروغ دے رہے ہیں اور انشاء اللہ گلگت بلتستان بھی جناب الطاف حسین کی اصولی سیاست کے باعث ترقی وخوشحالی سے ہمکنار ہوگا۔ بعدازاں انہوں نے سدپارہ ڈیم کے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مظلوموں کی جماعت ہے اور سدپارہ ڈیم کے متاثرین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے گی۔

## ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن کاشان کو تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔8، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن کاشان ولد افغال انور مرحوم کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داران وکارکنان کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مذکورہ بالا فرد سے کسی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا اور نیو کراچی سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن سید ندیم حیدر زیدی کے والد سید نسیم حیدر زیدی اور ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140-A کے کارکن ناصر علی کے والد افسر علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے۔ (آمین)

## صوبہ سرحد میں منظّم سازش کے تحت تعلیمی ادارے تباہ کیے جارہے ہیں، حق پرست خواتین ارکان قومی اسمبلی
## تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے ٹھوس اقدامات اور اساتذہ وطلبہ کو تحفظ فراہم کیا جائے، مطالبہ

کراچی۔۔۔8،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست خواتین اراکین قومی اسمبلی نے صوبہ سرحد میں طالبان دہشت گردوں کی جانب سے لڑکیوں کے تعلیمی اداروں کو بموں سے اڑانے، خواتین اساتذہ پر حملے اور قتل کی وارداتوں کی شدید مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد میں طالبان دہشتگرد منظّم سازش کے تحت اساتذہ کو قتل اور تعلیمی اداروں کو تباہ کررہے ہیں، تاکہ نئی نسل کو تعلیم سے دور رکھ کر اپنے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ منظّم سازش کے تحت طالبان دہشتگرد سرحد کے مظلوم عوام کا تعلیمی قتل عام کررہے ہیں۔حق پرست خواتین اراکین قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ صوبہ سرحد میں تعلیمی اداروں کو تباہ، خواتین اساتذہ اور طالبات پر حملے کرنے والے دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، تعلیمی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور طلبہ و اساتذہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

☆☆☆☆☆